12579

جی السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

محترم مفتی صاحب

بچوں کے کپڑے بنانے والی عالمی کمپنی پراکٹر اینڈ گیمبل porter) (&Gamble کے pampers پر بنی تصویر سے بعض افراد کا یہ کہنا ہے کہ اس پر لفظ محمد لکھا ہوا ہے .جس کی وجہ سے عام مسلمان اضطراب و پریشانی کے عالم سے دوچار ہیں دوسری طرف کمپنی کے مقامی ڈیلر بھی ایک مسلمان ہیں جن کا کروڑوں کا سرمایہ اس کاروبار میں لگا ہوا ہے اور مذکرہ بالا ذکر کردہ پرشانی کی وجہ سے پورا سرمایہ داؤ پر لگا ہوا ہے شرعی نقطہ نظر سے رہنمائی فرما کر ممنون فرمائیں۔ سائل ارشد حسین۔ سرینگر کشمیر

دار الافتاء

Scanned by CamScanner

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب حامدا ومصلیا

جس پیمپر کی تصویر آپ نے منسلک کی ہے، اس میں ہمیں "نام مبارک" کی شبیہ معلوم نہیں ہوتی، اسلئے اسے استعمال کرنا یا خریدنا اور بیچنا جائز ہے، اس میں کوئی حرج نہیں ہے۔ البتہ چونکہ جاندار کی تصویر چھاپنا ناجائز ہے، اسلئے اس پیمپر بنانے والی کمپنی کو چاہئے کہ وہ پیمپر پر تصویر بنانے کے ناجائز عمل سے اجتناب کرے۔

نیز ہمیں بعض ایسی ویڈیو کلپ بھی موصول ہوئی ہیں، جن میں سوال میں ذکر کردہ کمپنی کے ہی بعض پیمپرز میں اسم مبارک کی شبیہ بہت حد تک واضح ہے، لہٰذا اس کمپنی کے جن پیمپرز میں اسم مبارک کی واضح شبیہ موجود ہو اسکا استعمال اور خرید و فروخت جائز نہیں، اس سے مکمل اجتناب ضروری ہے اور اس طرح کے پیمپرز بنانے والی کمپنی پر زور دیا جائے کہ وہ دانستہ یا نادانستہ طور پر اس طرح کے کاموں سے مکمل اجتناب کرے جن سے گستاخی کا شبہ ہوتا ہو۔ اس سے مسلمانوں کے جذبات بھڑک اٹھتے ہیں، لہٰذا اس معاملے میں بالکل لاپرواہی نہ برتی جائے۔

اگر وہ کمپنی باز نہیں آتی تو مسلمانوں کو چاہئے کہ وہ اس کمپنی کے مصنوعات کا بائیکاٹ کریں تاکہ وہ آئندہ ایسا کرنے سے اجتناب پر مجبور ہو سکے۔ .... واللہ تعالیٰ اعلم

محمد طلحہ ہاشم عفی عنہ

دارالافتاء جامعہ دارالعلوم کراچی

۲۳/جمادی الثانیہ/۱۴۳۹ھ

12/مارچ/۲۰۱۸ء

الجواب صحیح
احقر محمود اشرف غفر اللہ
۲۳ ج ۲ ۱۴۳۹
12-03-2018

دار الافتاء
فتویٰ نمبر ۲/۱۹۶۰
مورخہ ۲۳/۶/۳۹
۱۲/۳/۱۸

مفتی

الجواب صحیح

۳۹/۶/۲۳

Scanned by CamScanner

Scanned by CamScanner